## بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، الطاف حسین

## خودکش دھماکہ کی سرپرستی کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، صدر اور وزیر اعظم سے مطالبہ

## راولپنڈی میں خودکش دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔16، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں پیرودھائی روڈ پر خودکش دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اپنے مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور ایسے عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ روالپنڈی میں خودکش دھماکہ کا نوٹس لیا جائے اور اس قسم کی کارروائیوں کی سرپرستی کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم نے سندھ کی صوبائی اور وفاقی حکومتوں سے علیحدگی کا فیصلہ واپس لے لیا

لندن۔۔۔16، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کی موجودہ صورتحال اور قومی مفاہمتی عمل میں مثبت پیش رفت کے تحت سندھ کی صوبائی اور وفاقی حکومتوں سے علیحدگی کا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔ یہ فیصلہ رابطہ کمیٹی نے اتوار کی شب صدر آصف علی زرداری، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سینئر صوبائی وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کی قائد تحریک جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو اور جناب الطاف حسین کو دی جانے والی یقین دہانیوں کے بعد کیا گیا ہے۔

## انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے، ایم کیوایم

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے راولپنڈی اور اسلام آباد کے مستحق افراد میں امدادی رقوم کے چیک تقسیم کیے

اسلام آباد۔۔۔16/مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے راولپنڈی اور اسلام آباد کی کچی آبادیوں سے تعلق رکھنے والے متعدد مستحق افراد میں امدادی رقوم کے چیک تقسیم کیے گئے۔ یہ امدادی چیک حق پرست اراکین قومی اسمبلی اقبال قادری، آصف حسنین، سفیان یوسف اور ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر زاہد ملک اور یاسین آزاد نے پیر کے روز اسلام آباد میں ایم کیوایم کے سیکریٹریٹ میں منعقدہ تقریب میں تقسیم کئے۔ غریب ومستحق افراد میں امدادی رقوم کے چیک حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منہور لعل کے امدادی فنڈ سے دیئے گئے ہیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اپنے نمائندوں کو غریب ومستحق افراد کی بلاامتیاز خدمت کا درس دیا ہے اور ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی اور خوشحالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور ایم کیوایم غریب عوام کی خدمت کا عمل جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے سینئر اور بزرگ کارکن محمد انور کے انتقال پر الطاف حسین اظہار افسوس

لندن۔۔۔16/مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے سینئر اور بزرگ کارکن محمد انور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے سینئر کارکن محمد انور انتقال کر گئے

## مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ذمہ داران کی شرکت

کراچی ۔۔۔16 ، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر یونٹ 143 ایلڈر زونگ کے کارکن محمد انور طویل علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔(اناللہ وانا الیہ راجعون ) مرحوم کی عمر 70 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے علیل تھے ۔مرحوم ایم کیوایم کے سینئر کارکنان میں شمار کیے جاتے تھے اور قائد تحریک الطاف حسین والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے ۔مرحوم نے سوگواران میں 3 بیٹے اور 3 بیٹیاں چھوڑی ہیں ۔ دریں اثناء محمد انور مرحوم کو سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان صدیقہ قبرستان نیوکراچی نمبر 6 میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ناظمین ، نائب ناظمین ،سابق حق پرست ارکان سندھ اسمبلی طیب ہاشمی ،زاہد قریشی ،ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان ،ایلڈر زونگ کے ذمہ داران ،کارکنان ،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔16 ، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر ایلڈر زونگ کے کارکن محمد انور ،ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے پڑوسی سید انیس احمد رضوی ،ایم کیوایم لانڈھی کمیٹی کے سابق رکن اظہر امام کے بھائی اطہر امام ،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ A-134 کے جوائنٹ یونٹ انچارج شہزاد بابو کے والد مشتاق احمد ،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کے کارکن ہمایوں خان غوری کے والد صغیر الدین خان غوری اور ملیر ٹاؤن یوسی 5 کے ناظم خورشید اقبال کے والد محمد محسن کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے ۔( آمین )

## متحدہ قومی موومنٹ کا 25 واں یوم تاسیس سلور جوبلی کے طور پر ملک بھر میں منایا جائیگا

## سلور جوبلی تقریبات کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا ،الطاف حسین بیک وقت تمام جگہوں پر خطاب کریں گے

## 17 ، مارچ کی رات 12 بجے خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقدہ تجدید عہدوفا کی تقریب میں الطاف حسین سے تجدید عہدوفا کیا جائے گا

## اسپتالوں میں زیر اعلاج مریضوں میں فروٹ اور پھول تقسیم کیے جائیں گے

## الطاف حسین کی صحت وتندوستی اور درازی عمر کیلئے پرندے آزاد کیے جائیں گے ،بکروں کا صدقہ بھی دیا جائے

## شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی جائے اور اسیروں میں کھانا ،فروٹ اور پھول تقسیم کیے جائیں گے

کراچی ۔۔۔16 ، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 18 ، مارچ کو ایم کیوایم کا 25 واں یوم تاسیس ’سلور جوبلی‘ کے طور پر ملک بھر میں انتہائی جوش وخروش سے منایا جائے گا اور کراچی سمیت ملک بھر میں یوم تاسیس کے سلسلے میں اجتماعات منعقد کئے جائیں گے ۔سلور جوبلی یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز میں ہوگا جبکہ صوبہ سندھ میں ایم کیوایم کے 19 ، زونوں اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں اجتماعات منعقد کئے جائیں گے ۔اجتماعات سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کی تقریبات کا آغاز 17 مارچ کی شب کو کیا جائے گا ۔اس سلسلے میں رات 12 بجے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران ،حق پرست نمائندگان اور کارکنان خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں جمع ہونگے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنے عہدوفا کی تجدید کریں گے ۔18 ، مارچ کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں پرچم کشائی کی جائے گی جبکہ حق پرست وزراء ،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سرکاری اسپتالوں میں زیر اعلاج مریضوں کی عیادت کریں گے اور ان میں پھل اور پھول تقسیم کریں گے ۔بعد ازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندے حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری

کیلئے پرندے آزاد کیے جائیں گے اور بکروں کا صدقہ دیا جائے گا جبکہ جیلوں میں اسیر کارکنان کیلئے کھانا، پھل اور مٹھائی پہنچائی جائے گی۔ ایم کیو ای کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے موقع پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے یادگاری پوسٹر کا اجراء کیا جائے گا۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کے 25ویں یومِ تاسیس کی ''سلور جوبلی'' تقریبات کے سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال، جناح گراؤنڈ اور مکا چوک سمیت اطراف کی گلیوں، عمارتوں، اہم چوراہوں اور شاہراہوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے جبکہ ایم کیو ایم کے مختلف سیکٹرز، یونٹس اور ونگز کی جانب سے تہنیتی پیغامات اور اشعار پر مشتمل بینرز آویزاں کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆